# LAHORE BOARD

# GRADE 9

# URDU

# 2017 GROUP 1

## MCQ'S

سوال نمبر 1: دیئے گئے الفاظ یعنی الف/ ب /ج /د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں ۔ہرجزو کا ایک نمبر ہے

**(i) کس کو معلوم ہو چکا تھا کہ قریش آپ ﷺ کے قتل کا ارادہ کر چکے ہیں۔**

**(1)**

الف- جناب ابوبکرؓ
ب- جناب عمرؓ
ج- جناب امیرؓ
د- جناب عثمانؓ
**درست جواب:** ج- جناب امیرؓ

**(ii) لوگ اکثر مرزا غالب کو خط لکھتے تھے-** **(1)**

الف- محبت بھرے

ب- بیرنگ

ج- دکھ بھرے

د- طویل

**درست جواب:** ب- بیرنگ

**(iii) قوم کی بہتری کی توقع کی جاسکتی ہے-** **(1)**

الف- کاہلی چھوڑ کر

ب- فکرمندی چھوڑ کر

ج- خوش و خرم رہ کر

د- پریشان رہ کر

**درست جواب:** الف- کاہلی چھوڑ کر

**(iv) سبق "لہو اور قالین" کے مصنف کا نام ہے-** **(1)**

الف- پریم چند

ب- مولوی نذیر احمد

ج- مرزا ادیب

د- کرنل محمد خان

**درست جواب:** ج- مرزا ادیب

**(vi) ماں کی گود میں کون سویا ہوا تھا-** **(1)**

الف- بلی

ب- سلیم

ج- لڑکی

د- بیدارا

**درست جواب:** ج- لڑکی

**(v) مؔیراور مرزا کے کلام پر تکرار کرنے والے کس کے مرید تھے-** **(1)**

الف- خواجہ میر دردؔ کے

ب- مرزا غالبؔ کے

ج- ذوقؔ کے

د- خواجہ باسط کے

**درست جواب:** د- خواجہ باسط کے

**(vii) آرام و سکون میں میاں کا کیا نام تھا-** **(1)**

الف- اشتیاق

ب- مشتاق

ج- اشفاق

د- اسحاق

**درست جواب:** ج- اشفاق

**(viii) داستان کا مترادف ہے-** **(1)**

الف- حمایت

ب- حکایت

ج- کہاوت

د- متانت

**درست جواب:** ب- حکایت

**(ix) "احمد ہوشیار ہے" میں ترکیب نحوی کے لحاظ سے "احمد" کیا ہے؟** **(1)**

الف- خبر

ب- فعل ناقص

ج- مبتدا

د- متعلق خبر

**درست جواب:** ج- مبتدا

**(x) سکولوں کو دہشت گردی سے محفوظ بنانے کے لیے کس چیز کی ضرورت ہوتی ہے- (1)**

الف- سکیورٹی گارڈ

ب- سی سی ٹی وی کیمرا

ج- خاردار تار

د- تمام

**درست جواب:** د- تمام

**(xi) غزل "ہستی اپنی حباب کی سی ہے"کے شاعر ہیں. (1)**

الف- میرتقی میؔر

ب- غالبؔ

ج- علامہ اقبالؒ

د- خواجہ میر درد

**درست جواب:** الف- میرتقی میؔر

**(xiii) قوت کا متضاد ہے-**

الف- اضعاف

ب- ضعیف

ج- ضَعف

د- ضَعفا

**درست جواب:** ب- ضعیف

(xiv) مینڈک کی مونث

الف- مینڈی

ب- مینڈکی

ج- مینڈکیا

د- مینڈکن

**درست جواب:** ب- مینڈکی

(1)

**سوال نمبر 2۔ درج ذیل نظم و غزل اشعار کی تشریح کیجئے۔**
**(تین حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے) (10)**

**حصہ نظم**

آفاق میں پھیلے گی کب تک نہ مہک تیری
**(i)**
گھر گھر لیے پھرتی ہے پیغام ،صبا تیرا
**(ii)** تری راہ میں خاک ہو جاؤں مر کر
یہی میری حُرمت ، یہی آبرو ہے
**(iii)** جنگلوں میں ہورہے ہیں پیدا ہرے بچھونے
بچھوا دیے حق نے کیا کیا ہرے بچھونے
**(iv)** ڈالی گئی جو فصلِ خزاں میں شجر سے ٹوٹ
ممکن نہیں ہری ہو سحابِ بہار سے

**حصہ غزل**

**(i)** نازکی اُس کے لب کی کیا کہیے
پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے
شاعر کا نام: میرتقی میؔر
**(ii)** کہوں کیا ہوئی عمرکیونکر بسر
میں جاگا کیا ، بخت سویا کیا
**(iii)** ان حسرتوں سے کہہ دو کہیں اور جا بسیں
اتنی جگہ کہاں ہے دلِ داغدار میں

**سوال نمبر 3: نثر پاروں کی تشریح کریں۔ سبق عنوان ،مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی لکھئے۔ (10**

الف۔ انسان بھی، مثل اور حیوانوں کے ایک حیوان ہے جب اس کی ولی قویٰ کی تحریک سست جاتی ہے اور وہ کام میں نہیں لائی جاتی، تو وہ اپنی حیوانی خصلت میں پڑ جاتا ہے اور جسمانی باتوں میں مشغول ہوجاتا ہے

**سوال نمبر 4: کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ (10**

**(i)** سراقہ بن جُعشم کیسے تائب ہوا؟
**(ii)** انسان کب سخت کا ہل اور وحشی ہو جاتا ہے ؟
**(iii)** بلبل کے گانے کی کیا وجہ ہے؟
**(iv)** سلیم میاں ،علی بخش پر کیوں برہم ہوئے؟
**(v)** مضمون نگار کے والد نے کس طرح اُسے تسلی دی؟
**(vi)** تصویریں اختر کی نہیں ہیں۔ اس انکشاف پر تجمل کا رد عمل کیا تھا؟
**(vii)** امید بہار کے لئے کس بات کی ضرورت ہے؟
**(viii)** شاعر نے اپنی کس بدنصیبی کا ذکر کیا ہے ؟

سوال نمبر 5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیں۔ **(5**

**(i)** مرزا غالب کے عادات و خصائل:

(ii) امتحان:

سوال نمبر 6 : نظم نعت کا مرکزی خیال
لکھیں )5

یا

خلاصہ اور شاعر کا نام لکھیں

سوال نمبر 7: دوست/ سہیلی کے نام خط لکھ کر شکایت کیجیے کہ وہ آپ کو کیوں بھلا بیٹھے ہیں. )10

(یا)

سوال نمبر 7: ہیڈ ماسٹر/ ہیڈمسٹرس کے نام فیس معافی کی درخواست لکھیَے )10

سوال نمبر8: " سچ میں برکت" کے عنوان سے کہانی تحریر کیجیے. )5

سوال نمبر8: " سچ میں برکت" کے عنوان سے کہانی تحریر کیجیے. )5

سوال نمبر 9: جملوں کی درستی کیجیے۔ )5

(i) دل نے چاہا تو ضرور آوں گا
(ii) ہم کو حج کرنا ہے
(iii) طارق نے اخبار خریدی
(iv) ہاتھوں کے کوے اڑنا
(v) ڈوبتے کو کشتی کا سہارا بہت ہے

(یا)

سوال نمبر 9: درج ذیل جملوں کی تکمیل کیجئے )5

(i) آخ تھو---------
(ii) پاک رہو---------
(iii) چور کی داڑھی -----------
(iv) صورت نہ شکل ----------
:
(v) کاٹھ کی ہانڈی --------

# LAHORE BOARD

# GRADE 9

# URDU

# 2017 GROUP 2

## MCQ'S

سوال نمبر 1: دیئے گئے الفاظ یعنی الف/ ب /ج /د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لئگایں ۔ہرجزو کا ایک نمبر ہے۔

**(i) مرزا غالب کے نہایت وسیع تھے۔** (1)

الف۔ اخلاق
ب۔ افکار
ج۔ خصائل
د۔ کردار

**درست جواب:** الف۔ اخلاق

**(ii) روٹی پیدا کرنے کے لئے نہایت ضروری ہے۔** (1)

الف۔ آرام
ب۔ محنت
ج۔ سفارش
د۔ خوشامد

**درست جواب:** ب۔ محنت

**(iii) "قاطع برہان" کے مصنف کون ہے؟** **(1)**

الف۔ ذوؔق

ب۔ موؔمن

ج۔ غاؔلب

د۔ سودا

**درست جواب:** ج۔ غاؔلب

**(iv) اکثر کون گھبرایا کرتا ہے۔** **(1)**

الف۔ مبتدی

ب۔ چور

ج۔ جھوٹا

د۔ نالائق

**درست جواب:** الف۔ مبتدی

**(v) ملازم کیا چیز کوٹ رہا تھا:** **(1)**

الف۔ نمک

ب۔ مرچیں

ج۔ ریٹھے

د۔ گرم مسالا

**درست جواب:** ج۔ ریٹھے

**(vi) طالب علم نے کتنے سال میں لا کلاس کا کورس پورا کیا :** **(1)**

الف۔ دو سال

ب۔ تین سال

ج۔ چار سال

د۔ پانچ سال

**درست جواب:** الف۔ دو سال

**(vii) سانحہ پشاور کب پیش آیا:** **(1)**

الف۔ 13 دسمبر 2014 کو

ب۔ 14 دسمبر 2014 کو

ج۔ 15 دسمبر 2014 کو

د۔ 16 دسمبر 2014 کو

**درست جواب:** د۔ 16 دسمبر 2014 کو

**(viii) حمد کے شاعر ہیں:** **(1)**

الف۔ مولانا الطاف حسین حالؔی

ب۔ امیر مینائی

ج۔ مرزاغالؔب

د۔ علامہ محمد اقبالؒ

**درست جواب:** الف۔ مولانا الطاف حسین حالؔی

**(ix) پھولوں میں کس کی خوشبو ہے:** **(1)**

الف۔ باغ کی

ب۔ مدینے کی

ج۔ طائف کی

د۔ مکّے کی

**درست جواب:** ب۔ مدینے کی

**(x) عمر دراز مانگ کے لائے تھے:** **(1)**

الف۔ دو دن

ب۔ تین دن

ج۔ چار دن

د۔ پانچ دن

**درست جواب:** ج۔ چار دن

(xi) "خانم" کا مزکر ہے.	(1)

الف۔ گنوار

ب۔ خان

ج۔ خوانی

د۔ بندہ

**درست جواب:** ب۔ خان

(xii) "فتُوح" کا واحد ہے:	(1)

الف۔ فساد

ب۔ فرض

ج۔ فرد

د۔ فتح

**درست جواب:** د۔ فتح

(xiii) "مسلم" کی جمع ہے۔	(1)

الف۔ مسلمات

ب۔ مسلمین

ج۔ مسالم

د۔ مناظر

**درست جواب:** الف۔ مسلمات

(xiv) "یگانہ" کا متضاد ہے: (1)

الف۔ اپنا
ب۔ ہمسایہ
ج۔ بیگانہ
د۔ قریبی

**درست جواب:** ج۔ بیگانہ

الف۔ راحت
ب۔ عشرت
ج۔ مدح
د۔ اُلفت

**درست جواب:** الف۔ راحت

**سوال نمبر 2: درج ذیل نظم و غزل اشعار کی تشریح کیجئے۔**
**()تین حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے( 10**

**حصہ نظم**

(i) گو سب سے مقدّم ہے حق تیرا ادا کرنا
بندے سے مگر ہوگا حق کیسے ادا تیرا
(ii) تری راہ میں خاک ہو جاؤں مر کر
یہی میری حُرمت ، یہی آبرو ہے
(iii) ہے لازوال عہدِ خزاں اس کے واسطے
کچھ واسطہ نہیں ہے اُسے برگ د بار سے
(iv) ہر جا بچھا رہا ہے سبزہ ہرا بچھونے
قدرت کے بچھ رہے ہیں ہرجا ہرے بچھونے

**حصہ غزل**

(i) رُخ و زلف پر جان کھویا کیا
اندھیرے اجالے میں رویا کیا
(ii) ہم کو اُن سے ،وفا کی ہے امید
جو نہیں جانتے ، وفا کیا ہے؟
(iii) عمر دراز مانگ کے لا ے تھے چار دن
دو آرزو میں کٹ گئے دو انتظار میں

سوال نمبر 3: نثر پاروں کی تشریح کریں- سبق عنوان ،مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی لکھئے- **10**

الف- باوجود یکے مرزا کی آمدنی اور مقدور بہت کم تھا۔ مگر خود داری اور حفظ وضع کو وہ کبھی ہاتھ سے نہ جانے دیتے تھے۔ شہر کے امرا و عمائد سے برابر کی ملاقاتھی۔کبھی بازار میں بغیر پالکی یا ہوادار کے نہ نکلتے تھے۔عمائد شہر میں سے جو لوگ ان کے مکان پر آتے تھے۔ یہ بھی ان کے مکان پر ضرور جاتے

ب- یہ بنگلہ کم و بیش دو ایکڑ قطعہ زمین میں واقع تھا یعنی قسام ازل نے اُسے خاصا شاہا ن طول وعرض بخشا تھا ۔عمارت کے سامنے وسیع چمن تھا جس کے حاشیے پر مہندی کی گھری سبز باڑ کے سر پر اونچے سر سفیدے کے پیڑ لہلاتے تھے

**سوال نمبر 4: کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ 10**
(i) قوم کی بہتری کیسے ممکن ہے ؟

## (ii) اکثر لوگ غالب کو کس طرح کے خط بھیجتے تھے؟

(iii) شریف زادے کی غزل سن کر سودا نے کیا کہا؟

(iv) بیدار نے سلیم کو جگا کر کیا پیغام دیا ؟

(v) بلبل بہت سے موسیقاروں سے کیوں بہتر ہے؟

(vi) سلیم میاں کا مشغلہ کیا تھا؟

(vii) شاعر اپنی حرمت و آبرو کس بات میں خیال کرتا ہے؟

(viii) شاعر کا قلم کیا کام کرتا ہے ؟

سوال نمبر 5: کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیں- 5

## (i) پنچایت:

(ii) نصوح اور سلیم کی گفتگو:

م پیوستہ رہ شجر سے امید بہار رکھ کا مرکزی خیالIسوال نمبر 6 :نظ
لکھیں 5 )یا(
خلاصہ اور شاعر کا نام لکھیں

سوال نمبر 7: اپنے چھوٹے بھائی کے نام خط لکھیے جس میں اسے پڑھائی کی طرف مکمل توجہ دینے کی نصیحت کرے 10(

(یا)

سوال نمبر 7: ہیلتھ آفیسر کے نام محلے کی صفائی کے لیے درخواست لکھیے 10(

سوال نمبر8: "ہرنی کی دعا" کے عنوان سے کہانی تحریر کیجیے. 5(

## (یا)

## سوال نمبر8: مریض اور طبیب کے درمیان مکالمہ لکھئیے 5(

سوال نمبر 9: جملوں کی درستی کیجیے. 5(

(i) میں نے کتاب پڑھنا ہے
(ii) کمر کو باندھاS
(iii) طارق نے اخبار خریدی
(iv) خدمت سے برکت ہے
(v) ماروں گھٹنا پھوٹے ناک

یا

سوال نمبر 9: درج ذیل جملوں کی تکمیل کیجئے 5(

(i) بلی کے بھاگوں______
(ii)ڈوبتے کو_______
(iii)رات گئی______
(iv)زبان خلق کو______
(v) فقیر کی صورت______